فوری ریلیز کے لیے: 2023/11/4 گورنر **KATHY HOCHUL**

***ICYMI: USA TODAY نیٹ ورک میں شائع شدہ گورنر HOCHUL کا OP-ED مضمون: ٹینیسی قانونی کارروائی کا مستحق ہے - جمہوریت پر حملے کا نہیں***

آج، USA Today نیٹ ورک نے نیشوِل اور لوئسوِل میں ہونے والی المناک فائرنگ کے بعد بندوق کے پُرتشدد استعمال کو روکنے کے لیے ریڈ فلیگ قوانین کی اہمیت پر گورنر Kathy Hochul کا ایک op-ed شائع کیا ہے۔ Op-ed کا متن نیچے دستیاب ہے اور اسے یہاں آن لائن دیکھا جا سکتا ہے۔

*گزشتہ ماہ نیشوِل کے کووینٹ سکول میں نظر آنے والا المناک منظر سب بہت ہی دیکھا بھالا سا تھا — خوفزدہ والدین، اساتذہ اور بچے ایک دوسرے سے چمٹے ہوئے، اور بچاؤ کے لیے دوڑتے ہوئے واقعی بہادر ابتدائی امدادی کارکنان۔*

*ہمارے ملک میں جو کبھی ناقابل تصور ہوتا تھا وہ خوفناک حد تک بار بار ہونے والا بن گیا ہے: گن وائلنس آرکائیو کے مطابق، اس سال اب تک امریکہ میں بڑے پیمانے پر فائرنگ کے 130 واقعات رونما ہو چکے ہیں۔*

*لیکن نیشوِل میں قتلِ عام کے بعد کچھ نیا ہوا: دو نوجوان، سیاہ فام ریاستی قانون سازوں کو ٹینیسی ایوانِ نمائندگان سے باہر نکال دیا گیا۔ انہوں نے پُرامن احتجاج کے ذریعے بندوق کے محفوظ استعمال کے عام فہم قوانین کی وکالت کرنے اور مظاہرہ کرنے کی جرات کی تھی۔ وہ ان طلباء کے جذبات کی ترجمانی کر رہے تھے جنہوں نے فلوریڈا کے سکول میں فائرنگ کے بعد قومی رہنما بن جانے والے، مارجوری اسٹون مین ڈگلس ہائی سکول کے دلیر طلباء کے نقش قدم پر چلتے ہوئے، احتجاج کیا تھا اور کلاس رومز سے باہر نکلے تھے۔*

*مقننہ کے جمہوریت مخالف اقدامات ناصرف ہمارے منتخب اداروں کے اصولوں کی خلاف ورزی ہیں بلکہ وہ لوگوں کی مرضی کی بھی خلاف ورزی ہیں — بندوق کے محفوظ استعمال کے قوانین کو ناصرف امریکیوں کی اکثریت بلکہ ٹینیسی کے زیادہ تر باشندوں کی بھی حمایت حاصل ہے۔*

*Vanderbilt مرکز برائے صحت پالیسی کے حالیہ ریاستی سروے میں، 70.5 فیصد جواب دہندگان نے کہا کہ ان کا ماننا ہے کہ اگر بندوق کی فروخت کے لیے پس منظر کی جانچ کا تقاضہ کیا جائے تو سکول زیادہ محفوظ ہو جائیں گے۔ اور 63 فیصد سے زائد والدین نے کہا کہ اگر خاندان اور قانون نافذ کرنے والے ادارے کسی شخص کی آتشیں اسلحے تک رسائی کو عارضی طور پر روک سکیں تو سکول زیادہ محفوظ ہو جائیں گے۔*

*تقریباً ایک سال پہلے میرے آبائی شہر بفلو میں نسلی بنیاد پر ہونے والی فائرنگ میں 10 افراد کی جانیں جانے کے بعد، ہم نے نیو یارک میں بالکل یہی کیا تھا۔ میں نے فوری طور پر اپنی ریاستی مقننہ کے ساتھ کام کیا اور بفلو میں حملے کے ایک ماہ سے بھی کم وقت کے بعد، ہم نے بندوق کے محفوظ استعمال کے ریاستی قوانین کو مضبوط بنانے اور نیو یارک کے باشندوں کی حفاظت کے لیے ایک تاریخی پیکیج پاس کیا۔ اس پیکیج میں 21 سال سے کم عمر کے کسی بھی شخص کو نیم خودکار ہتھیاروں کی فروخت پر پابندی لگانا اور مستقبل کے سانحات کو روکنے کے لیے ہمارے بندوق کے متعلق موجودہ قوانین بشمول ریڈ فلیگ قوانین کو تقویت دینا شامل ہے۔*

*ریڈ فلیگ کے قوانین کیسے فرق پیدا کر سکتے ہیں*

ریڈ فلیگ قوانین عدالتوں کو ان لوگوں سے بندوقوں کو دور رکھنے کے لیے انتہائی خطرے سے تحفظ کے احکامات جاری کرنے کی اجازت دیتے ہیں جو اپنے یا دوسروں کے لیے خطرہ ہو سکتے ہیں، اور پچھلے موسمِ گرما میں ہم نے اسے مزید مضبوط بنایا تھا۔ اب، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ ساتھ اساتذہ، سکولوں کے منتظمین، خاندان کے افراد، اور صحت کے پیشہ ور افراد کی ایک وسیع صف سرخ پرچما اٹھا سکتے ہیں اور ERPO کے لیے درخواست دے سکتے ہیں، اگر وہ فکر مند ہیں کہ کوئی نازک حالت میں ہے۔ قانونی بندوق مالکان کے لیے سخت قانونی ضوابط موجود ہیں، بشمول عدالتی سماعت اور وکالت کا حق۔

حیرت انگیز طور پر بڑے پیمانے پر قتلِ عام کے جرم کے مرتکب 56 فیصد افراد پریشان کن رویے کا مظاہرہ کرتے ہیں یا حملہ کرنے سے پہلے مخصوص دھمکیاں دیتے ہیں۔ نیشولِ میں ایسا ہی ہوا: شوٹر کو دماغی صحت کے مسائل معلوم تھے اور وہ زیرِ علاج تھا۔ لیکن وہ پھر بھی مہلک ہتھیاروں کا ذخیرہ قانونی طور پر خریدنے کے قابل تھا۔

اگر ٹینیسی میں ریڈ فلیگ کا قانون موجود ہوتا تو شوٹر کے والدین یا دوستوں کی طرف سے ایک سادہ درخواست اس سانحے کا سدِباب کر سکتی تھی۔ اور لوئسولِ میں پیر کے روز ہونے والے حملے میں، جب مبینہ بندوق بردار نے اپنے ارادے متعدد دوستوں کو بھیجے اور اپنے والدین کے لیے ایک یادداشت چھوڑی، تو ممکنہ طور پر تحفظ کا ہنگامی حکم جانیں بچا سکتا تھا۔ نیو یارک میں جو اب تک تقریباً 8,000 بار ہو چکا ہے — قانون کو مضبوط کرنے کے بعد سے، ہم نے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کیا ہے کہ نیو یارک کے مکین اسے استعمال کرنے کی اپنی اہلیت سے آگاہ ہوں، اور ریڈ فلیگ قانون کی درخواستوں میں چھ گنا اضافہ ہوا ہے۔

قانون کام کر رہا ہے — نیو یارک میں 78 فیصد سے زائد ERPOs ہمارے ریڈ فلیگ قوانین کو مضبوط کرنے اور اس میں توسیع کرنے کے بعد دائر کیے گئے تھے جو پچھلے سال تحفظ کے احکامات کے لیے درخواست دینے کے اہل ہیں۔ ہم نے اپنے ریڈ فلیگ قوانین پر تربیتی نشتیں منعقد کرنے کے لیے Everytown for Gun Safety کے ساتھ بھی شراکت داری کی ہے، بشمول ممکنہ طور پر خطرناک شخص کو آتشیں اسلحے تک رسائی سے روکنے کے لیے تحفظ کا حکم دائر کرنے کے بارے میں ہدایات۔

مضبوط شواہد کے باوجود کہ ریڈ فلیگ قوانین جان بچانے میں مدد دیتے ہیں، ٹینیسی سمیت 31 ریاستوں نے ابھی تک انہیں نہیں اپنایا۔ اسے تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ اس سال فروری میں، صدر جو بائیڈن نے ریاستوں کو ریڈ فلیگ قوانین جیسے بحرانی مداخلت کے منصوبوں پر عمل درآمد کے لیے $231 ملین مختص کیے تھے۔ یہ ایک اچھی ابتداء ہے؛ لیکن ریاستوں کو قومی ریڈ فلیگ قانون کی عدم موجودگی میں قدم اٹھانے کی ضرورت ہے۔

ٹینیسی اور ملک بھر میں ریاستی قانون سازوں کو اس بات سے آگاہ ہونا چاہیے کہ بندوق کے عام فہم قوانین اور جان بچانے کے درمیان براہِ راست تعلق ہے۔ شواہد واضح ہیں - جن ریاستوں میں بندوق کے متعلق سخت قوانین ہیں وہاں بندوق سے ہونے والی اموات کی شرح کم ہے۔ CDC کے مطابق، نیو یارک میں بندوق سے ہونے والی اموات کی شرح 5.3 فی 100,000 ہے - جو ملک میں پانچویں سب سے کم ہے۔ ٹینیسی میں چار گنا زیادہ ہے۔

اور آخر میں، نیو یارک کی پہلی ایسی گورنر جو ایک ماں بھی ہے، کے طور پر میں یہ جان کر بہت پریشان ہوں کہ بندوق کا قابلِ انسداد تشدد اب ریاستہائے متحدہ امریکہ میں بچوں اور نوعمروں کی موت کی سب سے بڑی وجہ ہے، جس میں پیو ریسرچ سینٹر کے ایک نئے تجزیے کے مطابق سنہ 2019 اور 2021 کے درمیان 50 فیصد اضافہ ہوا ہے۔

بچوں کی زندگیاں بچانے کے لیے لڑنے والے قانون سازوں کو بے دخل کرنے کی بجائے، بالغوں کو چاہیے کہ بڑے ہو جائیں ان بچوں کی حفاظت کے لیے ٹینیسی کی مقننہ کے اندر مل کر کام کریں۔

یہ ٹینیسی اور ملک بھر میں خونریزی کو روکنے کا وقت ہے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں